© rasailojaraid.com



اُمت (ابن عربی‘ صلاح الدین ایوبی اور امام نووی وغیرہ) کے مقابر و مزارات دیکھیے۔ بعض تاریخی مقامات‘ مثلاً: اصحابِ کہف کا غار‘ پیٹرا کی عمارتیں‘ جنگِ موتہ کا میدان‘ بحرمردار‘ میدانِ یرموک وغیرہ کا مشاہدہ بھی کیا۔ شام کے ایک پُرفضا مقام نبع فیجہ میں ساری رونق خوش ذائقہ پانی کی فراوانی سے ہے۔ بتاتے ہیں کہ سیاحت کے فروغ کے لیے ہوٹلوں میں شراب پیش کی جانے لگی تو چشمے خشک ہونے لگے اور کاروبار ٹھپ ہوگیا۔ شراب بند کرنے پر دوبارہ پانی کی فراوانی ہوگئی۔ اسلوب واضح‘ دل چسپ اور نیم عالمانہ‘ رواں دواں ہے۔ (ر-ہ)

## تعارف کتب

⊙ ماہنامہ سوے حرم‘ لاہور‘ دعا نمبر۔ مدیر اعلیٰ: محمد صدیق بخاری‘ ۵۳-وسیم بلاک‘ حسن ٹاؤن‘ ملتان روڈ‘ لاہور-۵۴۷۸۰۔ صفحات: ۱۲۰۔ قیمت: ۲۰ روپے۔ [دعاؤں کا ایک دیدہ زیب مجموعہ۔ ۵۰ قرآنی اور احادیث میں منقول ۱۰۰ دعاؤں کے علاوہ روزمرہ کی خصوصی مواقع کی تمام ضروری دعائیں ترجمے اور فوائد کے ساتھ۔ نمایاں عربی کمپوزنگ۔ ابتدا میں دعا پر ایک جامع مقالہ۔]

⊙ برگِ سبز، مولانا عبدالقیوم کلاچوی۔ ناشر: القاسم اکیڈمی‘ جامعہ ابوہریرہ‘ خالق آباد‘ نوشہرہ۔ صفحات: ۹۷۔ قیمت: درج نہیں۔ [مولانا مفتی محمد شفیع سرگودھوی (بانی و مہتمم مدرسہ سراج العلوم سرگودھا) کی سوانحی جھلکیوں پر مشتمل اس کتاب میں ان کے اخلاص اور للّٰہیت‘ تصوف اور سلوک‘ سیاسی عقیدہ‘ طلبہ اور سالکین کی تربیت کا تذکرہ ہے جسے ان کے ایک شاگرد کلاچوی صاحب نے مرتب کیا ہے۔ فضائل و مراتب کا بیان تو بجا‘ مگر یہ پتا نہیں چلتا کہ حضرت سرگودھوی کس زمانے کے بزرگ تھے؟ کب اور کہاں پیدا ہوئے اور کب اُن کا وصال ہوا؟ یہ کیسی سوانح ہے!]

⊙ کامیاب طالب علم، روح اللہ نقش بندی۔ ناشر: دارالہدیٰ دفتر نمبر ۸‘ پہلی منزل‘ شاہ زیب ٹیرس نز دزم زم پبلشرز‘ اُردو بازار‘ کراچی۔ صفحات: ۱۹۶۔ قیمت: درج نہیں۔ [ایک طالب علم کن صفات کو اپنا کر علم میں پختگی‘ عمل میں مضبوطی اور اخلاق میں درستی پیدا کرسکتا ہے۔ طالب علم کے لیے ضروری آداب تفصیل سے بیان کیے گئے ہیں‘ نیز علم کے متعلق اکابر کے واقعات نے کتاب کو دل چسپ بنا دیا ہے۔]

---

اہم گزارش: اس رسالے میں اشتہار دینے والے اداروں یا افراد سے معاملات کی کوئی ذمہ داری ماہنامہ ترجمان القرآن کی انتظامیہ کی نہیں ہے۔ قارئین اپنی ذمہ داری پر معاملات کریں۔ (ادارہ)

© rasailojaraid.com